21/05/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر مینبلال وانی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........وزیر اعظم نریندر مو دی5ملکوں کے سرکاری دورے کے بعد پہنچے وطن واپس۔

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا نوجوان پود کی بااختیاری کےلئے سرکار اور سماجی تنظیموں کے درمیان مضبوط اشتراک پر زور۔

*........جموں کشمیر کے سکولوں اور کالجوں میں آن لائن کلاسز شروع کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں // محکمہ تعلیم ۔

اور

*........ سوچھ بھارت مشن شہری کے بارے میں2روزہ قومی جائزہ اجلاس اختتام پذیر۔

اب پیش ہے خبروں کی تفصیل

مودی

بھارت اور اٹلی نے تجارت اور سرمایہ کاری کو مضبوط اور مستحکم کرنے اور سپلائی کے سلسلے کو بہتر بنانے کی غرض سے بھارت، مشرق وسطی، یوروپ کو مزید فروغ دینے سے اتفاق کیا ہے۔ (IMEC) اقتصادی کاریڈور
کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں Meloni Giorgia اٹلی کی وزیر اعظم کو ایک اہم رابطے سے تعبیر کیا ۔ IMEC نریندر مودی نے

------PM----

وزیر اعظم نریندر مودی اپنے پانچ ملکوں کے سرکاری دورے کے آخری مرحلے میں اٹلی پہنچے تھے، جہاں سے وہ آج صبح نئی دلی واپس پہنچ گئے ۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوان پود کی با اختیاری کےلئے سرکار اور سماجی تنظیموں کے درمیان مضبوط اشتراک پر زور دیا ہے۔ کٹرہ میں اکشیہ پاترافاؤنڈیشن

کی مرکزی باورچی سہولت کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعے پر انہوننے کہا کہ سکولی بچوں کو مقوی اور متوازن غذا ملنی چاہئے۔
منوج سنہا نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل کا تغزیہ ہمارے مستقبل کو شکل دے گا۔
انہوننے کہا کہ ایک بھوکا بچہ صحیح سے پڑھائی نہیں کر سکتا اور جو سکول اپنے بچوں کو اچھے کھلاتا نہیں در حقیقت وہ ترقی کےلئے مساوی مواقعے فراہم نہیں کر سکتا۔
لیفٹنٹ گورنر نے اکشیہ پاترا کی بے لوث خدمات کی سراہنا کی جو سکول غذائی سیکٹر میں دنیا کی بڑی غیر سرکاری تنظیموں میں شامل ہے۔ یہ فاؤنڈیشن ابھی16ریاستوں اور 3یوٹیز میں20لاکھ سے زیادہ بچونکو کھانا فراہم کر رہی ہے۔
------LG------

نائب وزیر اعلیٰ
نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج لنگیٹ جاکر رُکن پارلیمان انجینئر رشید اور ممبر اسمبلی شیخ خورشید اور انکے دیگر اہل خانہ سے یکجہتی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ نے ان کے مرحوم والد کی جنت نشینی کےلئے دعا کی۔
سریندر کمار چودھری نے بعد میں ضلعے کے درگمولہ علاقے میں ایک پُل کا افتتاح کرنے کے موقعے پر اس خطے میں رابطہ عامہ کو مضبوط کرنے کےلئے سرکار کے عزم کا اظہار کیا۔
انہوننے ساتھ ہی ٹرانسپورٹرس فیڈریشن اور ٹریڈرس فیڈریشن ہندواڑہ کے اراکین سے بھی بات کی اور ان کے مسائل و مطالبات سنے۔
اس موقعے پر نامہ نگاروں کی طرف سے سدرا جموں میں بلڈوزر کی کارروائی کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان کی سرکار لوگوں کو بسانے کےلئے بنی ہے۔
----Dy CM----

جاوید ڈار تعزیت
اسی دوران محکمہ زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے بھی ماورلنگیٹ جاکر مرحوم حاجی خضر محمد شیخ کے اہل خانہ کی ڈھارس بندھائی۔

سکینہکنکلیو
صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ طبی شعبے میں مزید استحکام لانے اور طبی خدمات کو بہتر بنانے میں تحقیق اور اختراعیت کا رول اہمیت کا حامل

ہے ۔ وہ آج گورنمنٹ ڈینٹل کالج سرینگر میں پوسٹ گریجویٹ ریسرچ پروگرام کنکلیو 2026 کا افتتاح کرنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہی تھیں ۔ وزیر موصوفہ نے نوجوان ڈاکٹروں اور تحقیق دانوں سے تلقین کی کہ وہ خدمتِ خلق کے لئے خود کو وقف کریں ۔

ناصر اسلم
وزیر اعلیٰ کے صلاحکار ناصر اسلم وانی نے آج جموں میں صنعتی اور تجارتی انجمنوں کے نمائندوں کے ساتھ جموں کشمیر میں صنعتی سیکٹر سے وابستہ کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔
ناصر اسلم وانی نے کہا کہ سرکار تجارت کے
طریقہ

---

کار میں آسانی پیدا کرنے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ ۂ

IUST
چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے تعلیم اور تحقیق نیز صنعتی شعبے میں نمایاں پیش رفت حاصل کرنے پر اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو اور انکی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔
سینٹر کا افتتاح کرنے کے علاوہ چیف Analysis یونیورسٹی میں گورننس اینڈ پالیسی سیکریٹری نے ادارے کے کیمپس1اور کیمپس3 کا بھی دورہ کیا جہاں انہوںنے مختلف اکائیوں کا معائنہ کر کے طالب علموں اور عملے کے ارکان سے بات چیت بھی کی۔

ہائی کورٹ
خام تیل کی بڑھتی قیمتوں اور توانائی کی یقینی فراہمی کے خدشات کے درمیان جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ نے ورچوئل سماعتوں اور کام کاج کے ہائبرڈ طریقہ کار اپنانے کا اعلان کیا ہے۔ رجسٹرار جنرل کی جانب سے جاری سرکیولر کے مطابق، یہ اقدامات آج سے نافذ العمل ہو گئے ہیں اور اگلے احکامات تک اِن کا اطلاق ہوگا۔

رام نِواس

محکمہ تعلیم کے کمشنر سیکریٹری رام نِواس شرما نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے سکولوں یا کالجوں میں آن لائن کلاسز شروع کرنے کا انتظامیہ کے پاس ابھی کوئی منصوبہ نہیں ہے ۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

-----Ram Niwas-----

درخشاں

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے نوجوان ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔ چیمپئین شپ 2026 کا Penchak Silat پانپور میں واقع ایک پرائیویٹ سکول میں افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ یوٹی کے نوجوانوں نے کھیل کے میدان میں بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے جموں کشمیر کا نام روشن کیا ہے ۔

------Andrabi------

دریں اثناءڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج شوپیان میں " اسُٹک آلو" موضوع سے ایک تقریب میں شرکت کی جہاں بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول بھی موجود تھے۔

دن

آج دہشت گردی مخالف دن ہے ۔ اس دن کا مقصد نوجوانوں کو دہشت پسندی اور تشدد سے دور کھنا ہے۔ آج کے دن دہشت پسندی کی وجہ سے سماج میں پیدا ہو رہے مسائل اور اس کی وجہ سے قومی مفادات کو درپیش خطرات کو اجا گر کیا جاتا ہے۔

آج ہی کے دن 1991میں سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو دہشت پسندوں نے قتل کیا تھا۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

خراج

سابق وزیر اعظم آنجہانی راجیو گاندھی کے یوم شہادت کے سلسلے میں آج سرینگر میں پردیش کانگریس کمیٹی کے اہتمام سے ایک تقریب منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر پارٹی لیڈروں نے راجیو گاندھی کی سیاسی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔
-----Gong----

سوچھ بھارت
قومی رادھانی نئی دلی میں سوچھ بھارت مشن (شہری) کے بارے میں 2 روزہ قومی جائزہ اجلاس اس عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ہے کہ تمام ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اس مشن کے تحت ایک صاف ستھرے شہری بھارت کےلئے اپنی کوششیں جا ری رکھیں گے۔
اس اعلیٰ سطح کے اجلاس میں تمام ریاستوں اور یوٹیز کے متعلقہ وزیروں اور سینئر افسروں نے حصہ لیا۔ جمونو کشمیر کی نمائندگی محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیرجا وید احمد ڈار کی قیادت والے ایک وفد نے کی۔
اجلاس مینٹھوس کچرے کو ٹھکانے لگانے سے متعلق2026کے ضوابط اور ان پرسپریم کورٹ کی ہدایات کے عین مطابق عمل کرنے کےلئے حکمت عملیوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

نشہ
نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت یوٹی کے سبھی اضلاع میں سیول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے مختلف سرگرمیاں جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام
----(DRUGS)--LG------
اس بارے میں ایک طالب علم احسان یعقوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔
--- Ahsan Yaqoob---

KP
ادھر پولیس کی نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کی سرگرمیونکے تحت کی گئی مختلف کارروائیوں میں بارہمولہ، اننت ناگ اور کولگام میں الگ الگ کارروائیوں کے دوران6سمگلروں کو گرفتار کر کے منشیات کی ایک بڑی مقدار ضبط کی گئی ہے۔
اس دوران بارہمولہ میں پولیس کی طرف سے ایک منشیات مخالف ریلی اور ایک جانکاری دوڑ کا اہتمام کیا گیا۔ بانڈی پورہ پولیس نے بھی منشیات مخالف ابھیان کے

تحت کئی سکولوں میں جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا۔ اسی طرح کے پروگرام ضلع شوپیان میں بھی منعقد کئے گئے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے انتخابات میں خواتین کے لئے 33 فیصد ریزرویشن کے تناظر میں کہا ہے کہ آنے والے پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات میں با صلاحیت اور تعلیم یافتہ خواتین کو آگے لایا جانا چاہئے تاکہ وہ عوام کی بہتر نمائندگی کر سکیں ۔ یہ بات انہوں نے آج سرینگر میں پارٹی کی خواتین وِنگ کے ایک اجلاس کی صدارت کے دوران کہی ۔

اشوک کول

بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج جنوبی کشمیر کے شوپیان ضلعے کا دورہ کر کے وہاں لوگوں کو در پیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ ان کے مطالبات پورا کرنے کے لئے انہیں متعلقہ حکام کی نوٹس میں لایا جائے گا ۔ پارٹی کے کئی دیگر لیڈران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

عرس

بلند پایہ ولی حضرت میر سید علی ہمدانی ؒ کا 659 واں عرس 23 مئی سنیچر وار کو عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ عرس کے سلسلے میں ختمات المعظمات اور درود و ازکار کی سب سے بڑی تقریب سرینگر کے تاریخی خانقاہِ معلی میں منعقد ہوگی ۔ اس روز نماز ظہر سے قبل میر واعظ مولوی ریاض احمد ہمدانی سیرت اولیاءبیان کریں گے ۔

ورکشاپ

شمولیاتی کارخانہ داری اور سٹارٹ اپ انڈیا کو بنیادی سطح پر مضبوط بنانے کے لئے صنعت و حرفت کی مرکزی وزارت کے Promotion of Industry and Internal Trade شعبے اور جموں کشمیر Entrepreneurship Development Institute کے مشترکہ اہتمام سے بارہمولہ میں TEJAS مہم کے تحت ایک ورکشاپ منعقد ہوا ۔ اس ورکشاپ میں ڈپٹی کمشنر بارہمولہ سید فخر الدین حامد کے علاوہ کئی دیگر ضلع افسران نے شرکت کی ۔ ورکشاپ کا مقصد نوجوانوں کو کارخانہ داری کی جانب راغب کرنا تھا ۔

ریلویز
شمالی ریلویز کے جموں ڈویژن نے ریل خدمات میں مزید بہتری لانے کے لئے جموں ریلوے ایڈمنسٹریٹیو کمپلیکس میں اپنی نوعیت کا پہلا کانفرنس ہال تعمیر کیا ہے ۔ اس ہال کا افتتاح آج ڈویژنل ریلوے منیجر جموں وویک کمار نے کیا ۔
اس موقعہ پر وویک کمار نے کہا کہ مذکورہ سہولت سے ریلوے کے کمیونکیشن میں مزید بہتری آئے گی ۔

پولیس
کولگام پولیس نے فوج اور سی آر پی ایف کے ساتھ ملکر ایک مشترکہ کارروائی کے دوران ضلعے کے محمد پورہ علاقے سے ایک ملی ٹینٹ اعانت کار کو گرفتار کیا ہے۔
عادل حسین لون نامی اس اعانت کار کی نشاندہی پر دو ہتھ گولے اور کچھ دیگر قابل اعتراض مواد ضبط کیا گیا ہے۔
جموں وکشمیر پولیس نے بارہمولہ مینمعدنیات اور تعمیراتی مواد کی غیر قانونی کان کنی اور نکاسی میں استعمال کی جانے والی دو گاڑیاں// اور اننت ناگ میں تین گاڑیاں ضبط کی ہیں۔
پلوامہ پولیس نے ضلعے کے پاری گام علاقے میں کھادوں کے ایک غیر مجاز گودام کے مالک فیاض احمد ماگرے ساکن قیصر مولہ کے خلاف ایک معاملہ درج کر لیا ہے۔

بینک
جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔
امیتابھ چٹر جی نے CEO اس تعلق جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔
-----Amitab----

IIMC
انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال 2026-27 کےلئے اُردو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

نے کہا ہے کہ اس Dr. Pragya Paliwal Gaur نئی دلی کی وائس چانسلر IIMC
کورس میں 30 نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 26 مئی ہے اور امتحان
یکم جون کو لیا جائے گا۔
----Promo----

ایڈوائزری
جمونو کشمیر میں گرمی کی شدت میں روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور جموں میں
دن کا درجہ حرارت 40ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا ہے۔
جموں میں لو سے بچنے کی خاطر عوام کیلئے ایک ایڈوائزری بھی جاری کی گئی
ہے ۔ اس سلسلے میں جموں میونسپل کارپوریشن کے ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے
آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔
........Dr.Shahid........

موسم
محکمہ موسمیات کے مطابق جمونوکشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران گرج چمک
کے ساتھ ہلکی بارش اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت23 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات
کا کم سے کم درجہ حرارت13ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل
رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح05بجکر 25 منٹ اور
غروب آفتاب شام07 بجکر31منٹ پر ہو گا۔
اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا ۔
اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ۔
............................................